# پرچہ اسلامیات (لازمی) فیصل آباد بورڈ 2019ء (گروپ پہلا)

انٹرمیڈیٹ پارٹ-I

وقت: 15 منٹ — **حصہ معروضی** — کل نمبر: 10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

---

(i) عقیدہ کا اصطلاح مفہوم ہے۔

(a) خیالات (b) اٹل نظریات (c) گفتگو (d) رائے

(ii) قرآن مجید میں ظلم عظیم کہا گیا ہے۔

(a) شرک (b) جھوٹ (c) غیبت (d) حسد

(iii) زندہ زبان والی الہامی کتاب ہے۔

(a) تورات (b) زبور (c) انجیل (d) قرآن مجید

(iv) زکوٰۃ کے لغوی معنی ہیں۔

(a) عدل کرنا (b) صبر کرنا (c) ذکر کرنا (d) پاک وصاف کرنا

(v) اپنے آپ کو بلند وبرتر سمجھنے کو کہتے ہیں۔

(a) غیبت (b) منافقت (c) تکبر (d) حسد

(vi) بنی ہاشم کے ساتھ معاشرتی قطع تعلقی کی گئی۔

(a) 3 نبوی ﷺ (b) 5 نبوی ﷺ (c) 7 نبوی ﷺ (d) 9 نبوی ﷺ

(vii) عفوو درگزر ایک بہترین وصف ہے۔

(a) جسمانی (b) مالی (c) اخلاقی (d) وراثتی

(viii) حضرت محمد ﷺ نے نبوت کے بعد مکہ میں کتنے سال گزارے؟

(a) 10 (b) 13 (c) 15 (d) 16

(ix) آیت کے معنی ہیں۔

(a) نشانی (b) ادارہ (c) پہاڑ (d) بلندی

(x) حضرت ابوبکر صدیقؓ نے تدوین قرآن پاک کے لیے مقرر کیا تھا۔

(a) حضرت عمر فاروقؓ (b) حضرت عثمان غنیؓ

(c) حضرت علیؓ (d) حضرت زید بن ثابتؓ

www.ilmkidunya.com

وقت: 1:45 گھنٹے

## حصہ انشائی (اول)

کل نمبر: 40

-2 کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 12

(i) ترجمہ کیجیے: وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى (ii) نبوت اور رسالت کے لیے کون سی دو باتوں کا ہونا ضروری ہے؟

(iii) انبیاء کی ایک خصوصیت امین ہے۔ وضاحت کیجیے۔

(iv) ملائکہ کے لیے رسول کا لفظ کیوں استعمال ہوتا ہے؟

(v) مُؤَلَّفَةُ الْقُلُوْبُ سے مراد کون لوگ ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

(vi) پڑوسی کی اہمیت کے بارے میں ایک حدیث لکھیے۔

(vii) غیبت اور اتہام میں کیا فرق ہے؟

(viii) حدیث کی رُو سے کونسے لوگ حوض کوثر پر نبی کریم ﷺ کے دیدار سے محروم رہیں گے؟

(ix) دہشت گردی معاشرے کے لیے ناسور ہے۔ مختصراً لکھیے۔

-3 کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 12

(i) شعب ابی طالب میں نبی کریم ﷺ کی محصوری کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(ii) ایثار سے کیا مراد ہے؟ صحابہ کرام کی کوئی ایک مثال دیجیے۔

(iii) نبی کریم ﷺ نے مساوات کا عملی مظاہرہ کیسے کیا؟

(iv) وحی کی دو اقسام کون کونسی ہیں؟ (v) قرآن پاک سنتے وقت صحابہ کرام کی کیا کیفیت ہوتی تھی؟

(vi) اطاعت رسول ﷺ کے بارے میں کوئی ایک آیت مع ترجمہ لکھیے۔

(vii) حدیث کی دو اقسام تحریر کیجیے۔ (viii) ترجمہ لکھیے: وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا

(ix) ترجمہ لکھیے: اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ۔

## حصہ دوم

مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ ہر سوال کی (08) نمبر ہیں۔

-4 رسالت محمدی ﷺ اور اس کی خصوصیات تحریر کیجیے۔

-5 زکوۃ کے فوائد تحریر کیجیے۔ نیز مصارف زکوۃ پر بھی نوٹ تحریر کیجیے۔

-6 قرآن مجید کی جمع و تدوین اور حفاظت پر تفصیل سے لکھیے۔

www.ilmkidunya.com

# پرچہ اردو اسلامیات (لازمی) فیصل آباد بورڈ 2019ء (گروپ دوسرا)

## پارٹ-I

وقت: 15 منٹ **حصہ معروضی** کل نمبر: 10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

---

(i) عقیدہ کے لغوی معنی ہیں۔

(a) لکھی ہوئی چیز (b) پڑھی ہوئی چیز (c) گرہ لگائی ہوئی چیز (d) یاد کی ہوئی چیز

(ii) ظلم عظیم ہے۔

(a) قتل (b) زنا (c) دہشت گردی (d) شرک

(iii) ملائکہ کا دوسرا نام ہے۔

(a) غلام (b) رسول (c) مالک (d) نبی

(iv) مصارف زکوٰۃ میں وَالْغٰرِمِیْنَ سے مراد کون لوگ ہیں؟

(a) معذور (b) مجاہد (c) مقروض (d) مسافر

(v) لڑتے رہو یہاں تک کہ نہ رہے۔

(a) فتنہ (b) فساد (c) برائی (d) بغاوت

(vi) اقرع بن حابس تمیمی کے بیٹے تھے۔

(a) 7 (b) 8 (c) 9 (d) 10

(vii) حضرت جعفر طیارؓ کی زوجہ کا نام تھا۔

(a) اُم سلیمؓ (b) اُم عمارہؓ (c) اسماء بنت ابوبکرؓ (d) اسماء بنت عمیسؓ

---

(viii) قرآن مجید کی طویل ترین سورۃ ہے۔

(a) النساء (b) البقرۃ (c) آل عمران (d) الانعام

(ix) قرآن پاک کی ترتیب ہے۔

(a) نزولی (b) صعودی (c) توقیفی (d) توفیقی

(x) امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کا سن وفات ہے۔

(a) 279ھ (b) 273ھ (c) 256ھ (d) 261ھ

وقت: 1:45 گھنٹے

## حصہ انشائی (اول)

کل نمبر: 40

2- کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 12

(i) رسالت محمدی ﷺ کی چار خصوصیات لکھیے۔ (ii) شرک کی اقسام لکھیے۔

(iii) چار الہامی کتب کے نام لکھیے۔ نیز ان انبیاء کرام کے نام بھی لکھیے جن پر یہ کتابیں نازل ہوئیں۔

(iv) قرآن مجید کی چار خصوصیات لکھیے۔ (v) تقویٰ کا مفہوم لکھیے۔

(vi) سونے اور چاندی کی زکوٰۃ کا نصاب لکھیے۔ (vii) دہشت گردی کے دو اسباب تحریر کیجیے۔

(viii) زکوٰۃ کے چار فائدے بیان کیجیے۔

(ix) ایفائے عہد کے بارے میں کسی بھی قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیے۔

3- کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 12

(i) حضور ﷺ عورتوں کے لیے رحمت ہیں۔ کیسے؟ (ii) تسبیح فاطمہ تحریر کیجیے۔

(iii) حضور ﷺ کے عفو و درگزر کا کوئی واقعہ تحریر کیجیے۔ (iv) قرآن پاک کی موجودہ ترتیب کی وضاحت کیجیے۔

(v) صحاح ستہ سے کیا مراد ہے؟ (vi) مسلمانوں نے مسیلمہ کذاب کے خلاف جنگ کیوں کی؟

(vii) جامع ترمذی کے مؤلف کا نام اور سن وفات لکھیے۔ (viii) ترجمہ لکھیے: اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰکُمْ۔

(ix) ترجمہ لکھیے: اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ۔

## حصہ دوم

مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ ہر سوال کی (08) نمبر ہیں۔

4- انسانی زندگی پر عقیدہ آخرت کے اثرات بیان کیجیے۔

5- نماز کے انفرادی اور اجتماعی فوائد پر نوٹ تحریر کیجیے۔

6- تدوین حدیث پر مفصل نوٹ تحریر کیجیے۔

www.ilmkidunya.com